14-07-2026

09:25 am

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے خبروں کا بلیٹن لیکر میناعجازہ اختر

UNSC

بھارت نے 2028-29کے لئے اقوام متحدہ سلامتی کونسل کے غیر مستقل ممبر کے چناؤ کیلئے باضابطہ طور مہم کا آغاز کیا ہے۔

اقوام متحدہ ہیڈ کوارٹر پر گزشتہ شام بھارت کی امیدواری کو لانچ کرنے کے موقعے پر وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے بھارت کے 'شانتی' نظرے کو متعارف کیا، جس کا مقصد عالمی امن واستحکام کیلئے ضوابط کے تحت جامع ترقی کا حصول ہے۔

بھارت اس سے پہلے 8مرتبہ اقوام متحدہ سلامتی کونسل کا غیر مستقل ممبر رہ چکاہے۔

ایل جی ملاقات

پہاڑی ٹرائبل ایمپلائز ویلفیئر فورم کے ایک وفد نے فورم کے صدر خالد محمود خان کی سربراہی میں لوک بھون سرینگر میںلیفٹننٹ گورنر منوج سنہا کے ساتھ ملاقات کی ۔

وفد نے مختلف محکموں میں کام کررہے قبائلی طبقے سے وابستہ ملازمین کو درپیش مسائل اور دیگر فلاحی مطالبات ایل جی کی نوٹس میںلائے۔

اترا کھنڈ کے سابق وزیراعلیٰ تیرتھ سنگھ راوت نے بھی لیفٹننٹ گورنر کے ساتھ ملاقات کرکے کئی معاملات پر ان کے ساتھ تبادلہ خیال کیا۔

دریں اثنا ممبراسمبلی شوپیان شبیراحمد کلے کی سربراہی میں شوپیان کا ایک عوامی وفد ایل جی سے ملاقی ہوا۔ وفد نے فاریسٹ رائٹس ایکٹ کی عمل آوری سے متعلق کئی امور ایل جی کی دانست میں لائے۔

جموں میں کل کئی عوامی وفود نے خوراک وسول سپلائز کے وزیر ستیش شرما کے ساتھ ملاقات کرکے اپنے مطالبات ان کی نوٹس میں لائے۔

وزیر موصوف نے جائز عوامی مطالبات کو مرحلہ وار بنیادوں پر پورا کرنے کا یقین دلاتے ہوئے کہا کہ سرکار جموں کشمیر کی جامع ترقی اور عام لوگوں کی خوشحالی کو یقینی بنانے کی وعدہ بند ہے۔ انہوں نے لوگوں سے تاکید کی کہ وہ ترقیاتی عمل میں شراکت دار بن کر اپنا کردارنبھائیں۔

میاں الطاف

اننت ناگ۔راجوری پارلیمانی حلقے کے پارلیمنٹ ممبر میاں الطاف احمد نے کل شوپیان میں ڈسٹرکٹ ڈیولپمنٹ کارڈی نیشن اور مانیٹرنگ کمیٹی کی میٹنگ میں ضلعے میں عملائی جارہی مختلف مرکزی سکیموں کی عمل آوری کا جائزہ لیا۔ انہوننے ان فلاحی سکیموں کی موثر عمل آوری کو یقینی بنانے کی ہدایت دیتے ہوئے زیرعمل پروجیکٹوں کو بروقت مکمل کرنے کی ہدایت دی۔

میٹنگ میں سرینگر پارلیمانی حلقے کے ممبر پارلیمنٹ آغاسید روح اللہ مہدی ، ضلعے کے ممبران اسمبلی اور ضلع انتظامیہ کے اعلیٰ افسران موجود تھے۔

یاترا

شری امرناتھ جی یاترا کے سلسلے میں کل شام تک لگ بھگ 3لاکھ یاتریوں نے پوتر گپھا پر حاضری دے کر شیو لنگم کے درشن کئے تھے۔ آج بھی ہزاروں کی تعداد میں یاتری پہلگام اور بالتل کے راستے گپھا پر پہنچ رہے ہیں۔

اس دوران جموں کے بھگوتی نگر بیس کیمپ سے آج صبح 5ہزار335یاتریوں پر مشتمل 13واں جتھا سرینگر کیلئے روانہ ہوا۔ ان میں سے ایک ہزار736یاتری بالتل کے راستے گپھا کی طرف جائیں گے جبکہ 3ہزار599یاتری پہلگام کا راستہ اختیار کریں گے۔

اس دوران آج صبح 9بجے تک مزید 5ہزار412یاتریوں نے شیو لنگم کے درشن کئے۔

صوبائی کمشنر

صوبائی کمشنر کشمیر انشل گرگ نے شیر کشمیر انسٹی چیوٹ آف میڈیکل سائنسز صورہ کا دورہ کرکے وہاں زیر علاج شری امرناتھ جی یاتریونکی عیادت کی ۔ صوبائی کمشنر نے یاتریوں کو ہرممکن سہولت مہیا رکھنے کی ہدایت دی۔

ادارے کے سربراہ ڈاکٹر محمد اشرف گنائی نے صوبائی کمشنر کو جانکاری دیتے ہوئے کہا کہ شردھالوؤنکو علاج ومعالجہ کی سہولت فراہم کرنے کیلئے ایک مخصوص وارڈ قائم کیاگیا ہے۔

IMPARD

کے کیپیسٹی بلڈنگ کمیشن ، DOPT انسٹی چیوٹ آف منیجمنٹ ، پبلک ایڈمنسٹریشن اینڈ رورل ڈیولپمنٹ سرینگر میں کے اشتراک سے جمونوکشمیر انتظامیہ کے اعلیٰ افسروں کیلئے کل شروع ہوا2روزہ تربیتی پروگرام آج بھی GAD اورIMPA جاری رہے گا۔

کرم یوگی کرتویہ کاری کرم کے تحت منعقدہ اس تربیتی پروگرام کا بنیادی مقصد انتظامیہ سے جڑے افسروں کی صلاحیت سازی کو یقینی بنانا نیز عوامی خدمات میں بہتری لانا ہے۔

پروفیسر ڈاکٹر رقیہ امین نے آکاش وانی نیوزسرینگر کو بتایا۔ Associate اس تربیتی پروگرام کے بارے میں امپا کی

---V/O---

نے اپنے تاثرات کا اظہار کرتے ہوئے کہا۔ Ritika Koulتربیت پانے والی ایک آفیسر

--Byte--

اننت ناگ۔راجوری پارلیمانی حلقے کے پارلیمنٹ ممبر میاں الطاف احمد نے کل شوپیان میں ڈسٹرکٹ ڈیولپمنٹ کارڈی نیشن اور مانیٹرنگ کمیٹی کی میٹنگ میں ضلعے میں عملائی جارہی مختلف مرکزی سکیموں کی عمل آوری کا جائزہ لیا۔ انہوننے ان فلاحی سکیموں کی موثر عمل آوری کو یقینی بنانے کی ہدایت دیتے ہوئے زیرعمل پروجیکٹوں کو بروقت مکمل کرنے کی ہدایت دی۔

میٹنگ میں سرینگر پارلیمانی حلقے کے ممبر پارلیمنٹ آغاسید روح اللہ مہدی ، ضلعے کے ممبران اسمبلی اور ضلع انتظامیہ کے اعلیٰ افسران موجود تھے۔

اطلاع

سینٹرل یونیورسٹی آف کشمیر نے تعلیمی سال 2026-27کیلئے یونیورسٹی میں انڈر گریجویٹ پروگراموں کے داخلے کیلئے اہل امیدواروں سے آن لائن درخواستیں طلب کی ہیں۔

امیدوار، جو کامن انٹرنس ٹیسٹ 2026میں شامل ہوئے ہیں اور یونیورسٹی کے انڈر گریجویٹ پروگراموں میں داخلے کے خواہاں ہیں ،سے کہا گیا ہے کہ وہ یونیورسٹی کے ایڈمشن پورٹل پر آن لائن رجسٹریشن کریں۔یہ عمل جو 7جولائی سے شروع ہوا ہے ، 19جولائی تک جاری رہے گا۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 16 اعشاریہ 1 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 25 اعشاریہ 4 ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ